## سوال

(935) سیدنا یوسف کی بیوی کا نام کیا تھا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سیدنا یوسف علیہ السلام کی بیوی کا نام کیا تھا؟ ہمارے ہاں ایک مولوی صاحب نے زلیخا نامی عورت کے سیدنا یوسف علیہ السلام کی بیوی ہونے کی نفی کی ہے اور کہا ہے کہ وہ زانیہ ہے۔ کیا موصوف کا یہ کہنا درست ہے۔ مولوی صاحب کا کہنا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی بیوی کا نام آمس ناتھ تھا۔ حوالہ مولانا سلیمان منصورپوری رحمہ اللہ کی کتاب ''الجمال والکمال'' کا دیتے ہیں۔ اس کی وضاحت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ (ابو حنظلہ محمد محمود علوی، ضلع اوکاڑہ) (۱۵ مئی ۱۹۹۸ئ) (۲۰ مئی ۲۰۱۱ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واقعی قاضی سلیمان منصورپوری نے اپنی کتاب ''الجمال والکمال'' میں بدلائل اس بات سے انکار کیا ہے کہ زلیخا حضرت یوسف علیہ السلام کی بیوی ہو۔ میرے خیال میں انھوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کی بیوی کا نام راعیل ذکر کیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### جلد:3، متفرقات: صفحہ:643

محدث فتویٰ